## بارشوں اور سیلابی ریلے کے باعث ملک میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## متاثرہ خاندانوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی، غذائی اجناس اور طبی سہولیات کی فراہمی کو فی الفور یقینی بنایا جائے

لندن۔۔۔30، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلے کے سبب ملک بھر میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا، صوبہ پنجاب اور صوبہ بلوچستان، صوبہ سندھ اور آزاد کشمیر میں ہونے والی بارشوں اور سیلابی ریلے کے باعث سینکڑوں افراد، خواتین اور بچے ہلاک ہو چکے ہیں اور کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور امداد کے منتظر ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر میں بارشوں اور سیلابی ریلے کے باعث ہونے والے جانی و مالی نقصانات کا فی الفور ازالہ کیا جائے، متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے حکومتی وسائل استعمال میں لائے جائیں اور اور متاثرہ خاندانوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی، غذائی اجناس اور طبی سہولیات کی فراہمی کو فی الفور یقینی بنایا جائے۔

## فضائی سانحہ میں شہید ہونے والے الطاف حسین کے رشتہ دار اسد انور شہید کو عیسیٰ نگری قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

## اسلام آباد مارگلہ پہاڑی کے فضائی سانحہ میں شہید افراد کو کراچی کے مختلف قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیز و اقارب کی شرکت

کراچی۔۔۔30، جولائی 2010ء

اسلام آباد مارگلہ پہاڑی فضائی حادثے میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے رشتے دار اسد انور کو عیسیٰ نگری قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بیت المکرّم مسجد گلشن اقبال میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری، جاوید کاظمی، گلفراز خان خٹک، حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، خالد عمر، خالد بن ولایت، حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی ندیم مقبول، مزمل قریشی، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔اسد انور شہید کے ایصال ثواب کیلئے خواتین کیلئے سوئم کا اہتمام شہید کی رہائشگاہ واقع گلشن اقبال میں بعد نماز عصر تا مغرب کیا گیا ہے جبکہ مرد حضرات کیلئے سوئم کا انتظام بعد نماز جمعہ ابرار مسجد گلشن اقبال میں کیا گیا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی جائے گی۔علاوہ ازیں اسلام آباد مارگلہ پہاڑی میں گر کر تباہ ہونے والے نجی ایئر لائن کے طیارے کے المناک سانحہ میں شہید ہونے والے کراچی سے تعلق رکھنے والے افراد کو شہر کے مختلف قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی، ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی۔فضائی حادثے میں شہید ہونے والی گلستان جوہر کی رہائشی محترمہ عائشہ آصف زوجہ شہزاد کی نماز جنازہ مسجد ابوذر غفاری بلاک نمبر 15 گلستان جوہر میں ادا کی گئی اور تدفین یسین آباد کے قبرستان میں عمل میں لائی گئی جس میں حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری، حق پرست رکن سندھ اسمبلی ندیم مقبول، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔فضائی حادثے میں شہید ہونے والی نارتھ ناظم آباد کی رہائشی محترمہ جویریہ فراز کو سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، شہید کی نماز جنازہ گزشتہ روز بعد نماز عشاء قلندریہ مسجد ناظم آباد میں ادا کی گئی، شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید، ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔گلستان جوہر کی رہائشی محترمہ رباب زہرہ بنت محمد مرتضیٰ شہید کی نماز جنازہ فیڈرل بی ایریا بلاک 20 میں واقع امام بارگاہ خیر العمل میں ادا کی گئی جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا اور گلستان جوہر سیکٹرز کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔فضائی حادثے میں شہید ہونے والے عاطف رشید اور فیصل رشید کی نماز جنازہ سلطان مسجد فیز 5 ڈیفنس میں ادا کی گئی جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم، ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔بعد ازاں شہید کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جبکہ سانحہ مارگلہ میں اندرون سندھ جیکب آباد سے تعلق رکھنے والے ایف آئی اے کے افسر رحمت اللہ ڈوکی کے تین کمسن بچوں اور اہلیہ کی غائبانہ نماز جنازہ ائیر پورٹ مسجد میں ادا کی گئی جس میں متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین، احمد سلیم صدیقی اور یوسف منیر شیخ کے علاوہ دیگر نے شرکت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے سوگوار

خاندان سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اسی طرح فضائی حادثے میں شہید ہونے والے بلدیہ ٹاؤن کے رہائشی افراد محمد سلیم ،مبشر شاہداور طارق شاہد کی مشترکہ نماز جنازہ تاج مسجد حبیب آباد بلدیہ ٹاؤن میں ادا کی گئی ۔ بعدازاں محمد سلیم شہید کو بلدیہ ٹاؤن نمبر 7 کے قبرستان جبکہ مبشر شاہد شہید اور طارق شاہد کو موچکو گوٹھ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور،حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد حنیف ،ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹرسیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پرحق پرست ارکان اسمبلی اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے شہداء کے لواحقین سے ملاقاتیں بھی کیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے شہداء کی مغفرت کیلئے اجتماعی دعا بھی کی ۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان حق پرست نمائندوں کے ہمراہ مختلف ٹاؤن کے بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

کراچی۔۔۔30، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضاہارون، ڈاکٹرصغیراحمد،گلفراز خان خٹک نے حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کے ہمراہ مختلف ٹاؤن کے بارش سے متاثرہ علاقوں اورایم اے جناح روڈ کادورہ کیااور کراچی میں حالیہ بارشوں کے باعث صورتحال کاتفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پرای ڈی اومیونسپل سروسزمسعودعالم،ای ڈی او ورکس اینڈسروسزرشید مغل،لیاقت آبادٹاؤن کے ایڈمنسٹریٹرخالدریاض صدیقی،صدرٹاؤن کے ایڈمنسٹر مختارحسین اورڈسٹرکٹ آفیسر بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان اورحق پرست نمائندوں نے شہریوں سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیےاورسڑکوں سے نکاسی آب،ٹریفک کی روانی کے کاموں کا جائزہ لیااوراسے مزیدتیزکرنے پرزوردیا۔انہوں نے لیاقت آبادانڈربائی پاس ،گجر نالے اورصدرٹاؤن کے علاقے ایم اے جناح روڈ،اولڈکے ایم سی بلڈنگ،ڈینسو ہال، بولٹن مارکیٹ، میری ویدر ٹاور، جی الانہ روڈ، کھارادر، لیمارکیٹ، پکچرنالہ،ٹمبر مارکیٹ،گھاس منڈی، جملہ پمپنگ اسٹیشن اوررنچھوڑلائن سمیت دیگرعلاقوں کا بھی تفصیلی دورہ کیااور بارشوں سے اطراف کی آبادیوں کومحفوظ بنانے کیلئے احکامات جاری کیے۔اس موقع پرانہوں نے شہریوں سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اس مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ ہےاور بلاتفریق رنگ ونسل عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے اقدامات کررہی ہے۔شہریوں نے ایم کیوایم کی جانب سے ریلیف کے کاموں پراطمینان کا اظہار کیااور کہا کہ یہ قائدتحریک الطاف حسین کی تعلیمات ہی ہیں کہ حق پرست نمائندےاورایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان سڑکوں پرنکل آئے جنہوں نے چندمنٹوں میں نکاسی آب اورٹریفک روانی کے کاموں میں حصہ لیتے ہوئے عوام کی خدمت کی۔

## حق پرست منتخب نمائندوں نے سانحہ مارگلہ میں شہید ہونے والے 12افراد کی میتیں کراچی ایئرپورٹ سے وصول کیں میتوں کوکے کے ایف کی ایمبولینسوں کے ذریعے گھروں تک پہنچایااورسوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔30، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیرخالدعمر، رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی ، ارکان سندھ اسمبلی نشاط ضیاء، وسیم احمد،متحدہ سوشل فورم کے رکن رشید جمال اورایم کیوایم کارکنان نے سانحہ مارگلہ میں شہید ہونے والے 13افراد کی میتیں کراچی ایئرپورٹ سے وصول کیں اورانہیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے ذریعے گھروں تک پہنچایا۔اس موقع پرحق پرست منتخب نمائندوں نے میتوں کی وصولی اوران کی گھروں پرمنتقلی کے کاموں کی نگرانی کی اورسوگواران سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے کراچی ایئرپورٹ سے جن افراد کی میتیں وصول کی ان میں شریں لودھی،محمد عامر صدیقی، مسزعندلیب، حسین عالم، رحیم خان، شازیہ رزاق،علی شیرازی،منظور ناصر، وحید شیخ، افضل خان، سید عاشق حسین اور عاصم حمید،آصف شہزاد، محمد اسد،سلیم بخش ،مبشر شاہد،سلیم احمد،شمس الحق، جاویداقبال،مقصود،فریداحمدعلوی اورطارق شاہدشامل ہیں۔

## عورت فاؤنڈیشن کے وفد کی حق پرست خواتین اراکینِ قومی وصوبائی اسمبلی سے ملاقات
## خواتین کے مسائل پر منعقدہ سیمینار میں شرکت کی دعوت

کراچی۔۔۔30، جولائی 2010ء

عورت فاؤنڈیشن کے ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں حق پرست خواتین ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی محترمہ کشورزہرا، محترمہ فوزیہ اعجاز، آنسہ بلقیس مختار اور اور محترمہ ہیر سوہو سے ملاقات کی اور انہیں عورت فاؤنڈیشن کے تحت خواتین کے مسائل پر ہونے والے سیمینار میں شرکت کی دعوت دی۔ ۔ وفد میں عاصم ملک ،مسز رحمان مہناز اور مس ملکہ خان شامل تھیں۔ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے دفد کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے خواتین کے حقوق کیلئے کی جانے والی عملی جدوجہد کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور اس سلسلے میں ملک کے منتخب ایوانوں میں مظلوم خواتین کے تحفظ کیلئے قوانین سازی میں حق پرست خواتین ارکان اسمبلی کا کردار قابل تعریف ہے۔ حق پرست خواتین ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے عورت فاؤنڈیشن کے وفد کو نائن زیرو پر خوش آمدید کہا اور سیمینار میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن اوراے پی ایم ایس او کے تحت فضائی سانحہ میں شہید افراد کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعات کا انعقاد

کراچی۔۔۔30، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن اور آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام اسلام آباد مارگلہ کی پہاڑی میں ہونے والے فضائی سانحہ میں شہید افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن نے 41 اداروں جبکہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تمام سیکٹر کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں میں اجتماعات منعقد کئے گئے جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور قل شریف کا ورد کیا گیا۔ بعدازاں فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جس میں شہداء کی مغفرت ،لواحقین کیلئے صبر جمیل اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## لیاقت سیکٹر شعبہ خواتین کی کارکن دلشاد کاشف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 شعبہ خواتین کی کارکن دلشاد کاشف کے انتقال پر گہرے دکھ اور فسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدری کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔( آمین ) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی لیاقت آباد سیکٹر شعبہ خواتین کی کارکن دلشاد کاشف کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم معمار سیکٹر یونٹ A-33 کی یونٹ کمیٹی کے ممبر خالد اقبال کی والدہ آمنہ بی بی، ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 126 کے کارکن محمد اسد کے والد محمد ناصر، کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن وسیم قریشی کے والد ظہیر الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆